# مجوزہ خلاصہ جاتی منصوبہ
# برائے ہنگامی نگہداشت و علاج

## ReSPECT اور آپ: مشترکہ منصوبہ بندی کرنا معلومات برائے
مریض، مریضوں کے اہلِ خانہ اور عوامی ممبران

**ورژن 2.0**

## ReSPECT کیا ہے؟

**ReSPECT** انگریزی الفاظ ریکمینڈڈ سمری پلان فار ایمرجنسی کیئر اینڈ ٹریٹمنٹ **(Recommended Summary Plan for Emergency Care and Treatment)** کا مخفف جن سے مراد مجوزہ خلاصہ جاتی منصوبہ برائے ہنگامی نگہداشت و علاج ہے۔

ReSPECT ایک طریقۂ کار اور منصوبہ ہے۔ اس کے ذریعے آپ کی طبی نگہداشت کے لیے ایک تخصیص کردہ سفارش تخلیق کی جاتی ہے





## فیصلے کون کرتا ہے؟

آپ اور آپ کے ماہرِ صحت کے کسی منصوبے پر متفق ہونے کی صورت میں، اسے آپ کی ہنگامی نگہداشت و علاج میں رہنمائی کی خاطر استعمال کیا جائے گا۔ جبکہ اتفاق نہ ہونے کی صورت میں، آپ کے بہترین مفاد اور آپ کے فائدے کے لیے کوشاں ماہرینِ نگہداشتِ صحت کی جانب سے فیصلے کیے جائیں گے۔ اس بات کو سمجھنا نہایت ضروری ہے کہ ایسے علاج طلب کرنے کے لیے ReSPECT منصوبے کا استعمال نہیں کیا جا سکتا جن کا آپ کو ممکنہ طور پر کوئی فائدہ نہیں، لہٰذا ان کی پیشکش نہیں کی جائے گی۔

## یہ کیسے کارگر ہوتا ہے؟

یہ طریقۂ کار آپ اور آپ کی نگہداشتِ صحت کے ماہرین کے درمیان گفتگو کے سلسلے پر مشتمل ہوتا ہے۔ گفتگو کے اس سلسلے میں ایسی نگہداشت اور علاج کی اقسام سے متعلق سفارشات تشکیل دی جاتی ہیں، جن کے لیے آپ ایمرجنسی میں زیرِغور لائے جانے کی خواہش رکھیں گے یا نہیں رکھیں گے۔ منصوبہ اس وقت پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے جب آپ اور آپ کے ماہرینِ نگہداشتِ صحت پر یہ چیز واضح ہو جاتی ہے کہ کیا چیز ریکارڈ کرنے کی ضرورت ہے۔ اس طریقۂ کار کا مقصد اور منصوبہ تخصیص کردہ سفارشات کا ایک خلاصہ فراہم کرنا ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کی انفرادی صورتِ حال کے پیشِ نظر آپ کو بہترین ممکنہ علاج موصول ہو۔ یہ منصوبہ، آپ کے لیے برقرار رہتا ہے اور یہ ہنگامی صورتِ حال میں آپ کی مدد کے لیے طلب کیے جانے والے ماہرینِ نگہداشتِ صحت کو فوری طور پر میسر ہونا چاہیئے، خواہ آپ گھر پر ہوں یا کسی اور جگہ پر آپ کی نگہداشت کی جا رہی ہو۔ ایمبولینس معالجین، اوقاتِ کار کے علاوہ دستیاب ڈاکٹرز، کیئر ہوم کے عملے اور اسپتال کے عملے جیسے ماہرین، آپ کا ReSPECT منصوبہ دیکھتے ہوئے اس حوالے سے بہتر طور پر فوری فیصلے لینے کے قابل ہوں گے کہ ہنگامی صورتِ حال میں کس طرح بہترین طور آپ کو مدد فراہم کی جائے۔



## ReSPECT طریقۂ کار کے کارگر ہونے کی وجہ کیا ہے؟

مذکورہ طریقۂ کار ہنگامی صورتِ حال کے اندر آپ کی نگہداشت اور معالجاتی ترجیحات کے حوالے سے ایک باخبر گفتگو کے قابل بناتا ہے۔ مکمل کردہ منصوبہ اس سلسلے میں آپ کو ایک ریکارڈ (نیز آپ کے میڈیکل ریکارڈز کی ایک نقل) فراہم کرتا ہے اور ماہرینِ نگہداشتِ صحت کو آپ کے لیے اہم چیزوں کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔

## کیا میں فی الوقت اس سے مستفید ہو سکتا ہوں؟

ReSPECT طریقۂ کار کو تمام UK میں اپنایا جا رہا ہے۔ اگر آپ کے علاقے میں ReSPECT (کا منصوبہ) تاحال تشکیل نہیں دیا گیا، تاہم اب آپ اپنے لیے اس سلسلے میں اقدامات کیے جانے کی خواہش رکھتے ہیں تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ،

آپ کے علاج اور نگہداشت کے لیے جو چیزیں اہم ہیں، انہیں معلوم اور ریکارڈ کیا جائے، اس کے بعد، انگلیڈ اور ویلز کے اندر، آپ پیشگی فیصلہ برائے معالجاتی انکار

(Advance Decision to Refuse Treatment، ADRT)

کر سکتے ہیں۔ آپ مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور www.mydecisions.org.uk پر آن لائن مفت ADRT پُر کر سکتے ہیں۔

اسکاٹ لینڈ میں پیشگی فیصلوں سے متعلق معلومات

## میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں؟

ReSPECT طریقۂ کار سے متعلق مزید تفصیلی معلومات، بشمول مریضوں کے نقطہ ہائے نظر www.respectprocess.org.uk پر دیکھے جا سکتے ہیں

## یہ کن افراد کے ہوتا ہے؟

یہ تخصیص کردہ طریقۂ کار کسی بھی شخص کے لیے ہو سکتا ہے، تاہم اس کی اہمیت صحت کی پیچیدہ ضروریات کے حامل افراد، ممکنہ طور پر قریب المرگ افراد، اور اچانک طبعی بگاڑ یا دورۂ قلب کے خطرے کے شکار افراد کے لیے زیادہ ہو گی۔ آپ،

یقیناً اپنی دیگر وجوہات کی بنا پر نگہداشت اور معالجاتی ترجیحات کو ریکارڈ کرنا چاہیں گے۔

## اگر کسی شخص میں ReSPECT منصوبہ تخلیق کرنے کی صلاحیت کا فقدان ہو تو کیا کِیا جائے؟

آپ کسی ایسے شخص کے نگہداشت کار ہو سکتے ہیں جس کے اندر ReSPECT منصوبے میں درکار سفارشات کو تخلیق کرنے کی صلاحیت (یعنی معلومات کو سمجھنے اور انہیں باخبر فیصلہ سازی میں استعمال کرنے کی اہلیت) کا فقدان ہو۔ تاہم، ایک ایسا منصوبہ تشکیل دیا جا سکتا ہے جس پر یہ اتفاق کیا گیا ہو کہ یہ ان کے بہترین مفاد (یعنی ان کے مجموعی فوائد) کا حامل منصوبہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ دوسرے لوگ ان کی جانب سے فیصلے کریں گے، بلکہ یہ مذکورہ شخص کو بہترین طور پر جاننے والے افراد کے ساتھ گفتگو کا ایک سلسلہ ہوتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ منصوبہ ممکنہ طور پر مذکورہ فرد کی خواہش سے قریب تر ہو۔ قانون کی رُو سے اس گفتگو کا تقاضا کیا جاتا ہے۔

